## ممتاز صحافی اور جیوٹی وی کے سینئر اینکر کامران خان کی والدہ کے انتقال پر فون پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔ 20 فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز صحافی اور جیوٹی وی کے سینئر اینکر کامران خان کی والدہ کے انتقال پر ان سے فون پر تعزیت کی اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کامران خان سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیو ایم آگرہ تاج کے کارکن بلو رستم علی کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔ 20 فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مچھر کالونی میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر یونٹ 6 کے کارکن بلو ولد رستم علی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے بلو شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ کو نواز شریف جیسے متعصّبانہ عناصر سے بات کرنے کا کوئی شوق نہیں ہے، رابطہ کمیٹی
## نواز شریف کو نہ تو ملک وقوم کا مفاد عزیز ہے اور نہ ہی یہ ملک میں افہام تفہیم کی فضاء دیکھنا چاہتے ہیں

کراچی ۔۔۔ 20، فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلم لیگ نواز گروپ کے سربراہ نواز شریف کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے پاکستان بھر کے عوام کو مخاطب کر کے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی ماہ سے خصوصاً انتخابات کے دوران بار بار تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں سے افہام وتفہیم کی اپیلیں کرتے رہے ہیں اور انتخابی نتائج سامنے آنے کے بعد انہوں نے پیپلز پارٹی کے کو چیئر مین آصف علی زرداری، عوامی نیشنل پارٹی کے صدر اسفند یار ولی کے ساتھ ساتھ نواز شریف کو بھی ان کی پارٹی کی کامیابی پر مبارکباد پیش کی لیکن ملک بھر کے عوام خود دیکھ لیں کہ متحدہ قومی موومنٹ کے اس مثبت طرز عمل کے جواب میں نواز شریف آج بھی اپنے مذموم عزائم اور شاؤنسٹ ذہنیت کی یہ کہہ کر عکاسی کر رہے ہیں کہ ''متحدہ قومی موومنٹ سے بات چیت نہیں کریں گے''۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک بھر کے عوام خود فیصلہ کریں کہ متحدہ قومی موومنٹ کے مثبت رویئے کا کیا جواب دیا جا رہا ہے؟ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نواز شریف کے دور حکومت میں متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف فوجی آپریشن شروع کیا گیا اور متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنوں کو ماورائے عدالت قتل کیا گیا اور جب نواز شریف کی حکومت ختم ہوگئی تو انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ سے معافی مانگی جس پر ہم نے انہیں معاف کر دیا لیکن نواز شریف آج ایک مرتبہ پھر اپنی شاؤنسٹ ذہنیت کا مظاہرہ کر رہے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں نہ تو ملک وقوم کا مفاد عزیز ہے اور نہ ہی یہ ملک میں افہام تفہیم اور اتحاد کی فضاء دیکھنا چاہتے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نواز شریف بیان دے رہے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ سے بات نہیں ہوگی تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کے پاس متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے کون بات کرنے جا رہا ہے جو یہ ایسے بیانات جاری کر رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام نے نواز شریف کا منفی اور متعصّبانہ طرز عمل دیکھ لیا ہے اور آج ہم واضح طور پر یہ کہنا چاہتے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ کو نواز شریف جیسے متعصّبانہ عناصر سے بات کرنے کا کوئی شوق نہیں ہے جو ملک وقوم کی بہتری کیلئے مثبت سوچ رکھنے کے بجائے متعصّبانہ اور شاؤنسٹ طرز عمل کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

## کامران خان کی والدہ کے انتقال پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور میڈیا کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 20 فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سینئر صحافی اور جیوٹی وی کے سینئر اینکر کامران خان کی والدہ کے انتقال پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی میڈیا کمیٹی نے بھی کامران خان سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

## حق پرست قیادت ملک کی قسمت بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے

## نائن زیرو عزیز آباد اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فیکس، ای میل اور ٹیلی فون کے ذریعے تہنیتی پیغامات

لندن۔۔20فروری2008ء

18فروری2008ء کے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی تاریخی کامیابی پر دنیا بھر سے ایم کیوایم کے کارکنان ، ہمدردوں، منتخب نمائندگان ، سیاسی وسماجی اور محنت کشوں کی تنظیموں، دانشوروں ،شعرائے کرام ،وکلاء، ڈاکٹرز اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فیکس، ای میل اور ٹیلی فون کے ذریعے بہت بڑی تعداد میں مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے ہیں ۔ان پیغامات میں عام انتخابات میں ایم کیوایم کی تاریخی کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین ،ایم کیوایم کے ذمہ داران ، کارکنان وعوام کو دلی مبارکباد پیش کی گئی اور ایم کیوایم کی ترقی کے لئے دعائیں کی گئیں ہیں ۔ پیغامات میں کہا گیا ہے کہ انتخابی نتائج سے دنیا بھر پر واضح ہوگیا ہے کہ ایم کیوایم ملک گیر جماعت ہے اور ایم کیوایم کا ووٹ بنک آج بھی قائم ہے ۔ پاکستان کی 60 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ گزشتہ پانچ برسوں میں کراچی میں بہت بڑی تعداد میں ترقیاتی منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچائے گئے جس کے باعث کراچی کا نقشہ تبدیل ہوگیا ہے اور حق پرست قیادت کو موقع ملا تو وہ ملک بھر کے عوام کی قسمت بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے ۔تہنیتی پیغامات ارسال کرنے والوں میں معروف دانشور، ادیب شاعر جمیل الدین عالی ، شیخ لیاقت حسین ، فاروق ستار ، وسیم آفتاب ، شکیل عمر ، ڈاکٹر نصرت ، ڈاکٹر عاصم ، نیک محمد ، شعیب بخاری ، اشفاق منگی ، ممتاز انوار ، عادل صدیقی ، بابر غوری ، شاہد لطیف ، خورشید افسر ، حامد حسین عابدی ، انور سلیم ، فہد احمد ، اسد شیخ ، عاشق اسدی ، ابرارالحق ، عبدالقدوس ، عادل حمید ، منصور احمد ، عاشر ، عادل ، عبدالماجد ، خالد ، ڈاکٹر ایوب شیخ ، عباس کمیلی ، خالد مرتضٰی ، انور جاوید ، ڈاکٹر فرمان صدیقی ، ڈاکٹر طارق صدیقی ، ذکیہ احمد خان ، میر پور خاص سے سلیم رزاق ، شاہد عباسی ، جاوید ہارون ، عمران ہارون ، سندھ بوائز اسکاؤٹس ایسوی ایشن کے کرنل محمد شاہ علی ، آل پاکستان غوری برادرز کے غلام محی الدین ، واحد احمد غوری ، محمد صابر داؤد ، شفیق خان اینڈ برادرز ، سید عطیع الرحمان احمد ندیم خان ، کامران قیصر ، انصار حسین نقوی ، محمد یامین ، عامر ، محمد عباس ، زاہد وقار ، پاکستان عمر کورٹ حاجی محمد طیب ، حاجی محمد منظور احمد کراچی سے محمد ظفر عالم ، عبدالوسیم ، لیاقت علی ، شہزاد ، فیروز ، نسیم ، شمیم احمد ، محمد ذکی ایڈوکیٹ ، سرکارالدین ایڈوکیٹ ، سید ین رضوی ، اشتیاق خان ، اورنگی ٹاؤن کے عبدالحق ، پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کے محمد احسن ناغڑ ، سید زاہد علی ، وقار مغل ، شہزاد زئی ، ابراہیم قائمخانی ، عباس عباسی ، ہارون غوری ، حنیف گدی ، شاہنواز پٹھان ، حاجی سید اقبال ، فیاض گدی ، خالد گدی ، ساجد احمد ، سید خیال شاہ ، سلمان شیخ ، عبدالمجیب ، الجامعہ بنوریہ کے محترم مفتی محمد نعیم طاہر حسین انصاری ، سید حشمت حسین ، ڈاکٹر اعجاز ربانی ، قمرالدین شیخ ، اہلیان محمود آباد ، سید علی ، مقصود احمد خان ، کراچی کورنگی سے بابر ارشد شیخ ، ندیم اختر ، مقصود صدیقی ، آصف اسماعیل ، فرحان احمد ، وہاج ۔سعودی عرب الریاض سے سعید ، فرید ، منصور ، حلیم ، آصف سرور ، اقبال ، عزیز خاں ، شمشاد علی صدیقی ، ڈاکٹر مجاہد ، حیدرآباد سے نعیم خان ، ظفر راجپوت ، فرزانہ ظفر ، امجد خان زئی ، قائم خانی ، سچن پرما ، شبیر احمد خان ، ناہید حسین خٹک ، شیخ خدابخش ، محمد صدیق ، مقصود احمد شیخ ، دلشاد چوہان ، جمیل احمد خانزادہ ، نعیم اشتیاق ایبٹ آباد پروفیسر جی ایم عصام ، رفعت اقبال جدون ، آفتاب محمود ، اعجاز قریشی ، ڈاکٹر شاہد پروفیسر ، اہلیان ٹنڈو میر غلام حسین لطیف آباد نمبر 9 ، اہلیان خاصخیلی محلّہ ، اور اندورن سندھ ، ، نثار احمد ڈاکٹر محمد ظفر عارف ، ڈاکٹر محمد عمران سرور ، ڈاکٹر طارق شیخ ، جاوید احمد انصاری ، محمد شاہد خان ، عبدالحفیظ میمن ، کامران علی قریشی ، اوسلوں ناروے سے اظہر ظہیر ، سید منورالسلام ، کینڈا سے ڈاکٹر سید علی ، شکیل اختر شاہد رضا خان ، پرویز اقبال ، امتیاز قمر ، نوابشاہ سے عبدالرؤف خان ، ، حیدرآباد سیکٹرسی احمد علی قریشی ، ریاض حسین ، زاہد لالا ، صلاح الدین محمود آباد وسیم خان ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے ذمہ دارن وکارکنان سید نسیم الحق ، لاہور سے امان اللہ گنگ ، کنور نوید ، جاوید جبار ، خالد حسین ، فاروق ، رسول بخش میمن ، سہیل یوسف ، شجاع الدین ، صابر قائم خانی ، طیب حسین ، اکرم عادل ، توحید احمد مبین شیخ ، محمد شریف ، آزاد کشمیر سے محمد اقبال فاروقی ایڈووکیٹ ، ٹنڈو محمد خان نیر سلطانہ شیخ ، میرپور خاص فوزیہ ناصر ، عشرت بیگم ، آفرین مرزا ، رقیہ ، عذار بلوچ ، شہناز بلوچ ، نسرین ، رئیسہ ، خالدہ ، جمیلہ ، نعیمہ ، لندن سے غلام نبی ، محبوب الیاس ، لاہور سے امان اللہ خان ، ڈاکٹر علی حسن ، عنصر علی بٹر ، سردار ہمایوں میر پور خاص سے حفیظ خان ، ڈاکٹر ظفر احمد کمالی ، شکاگو سے محمد یونس ، جنوبی پنجاب سے کرامت علی شیخ ۔

(جاری ہے)

☆☆☆☆☆